## ایم کیوایم کے تحت سکھر اور حیدرآباد بیس کیمپوں پر عوام کی جانب سے بھاری مقدار میں امدادی سامان جمع کروایا گیا

## سکھر اور حیدرآباد میں سیلاب سے متاثرہ عوام کی مدد کیلئے ایم کیوایم کی امدادسرگرمیاں زور پکڑ گئیں

سکھر۔۔۔10، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سکھر اور حیدرآباد کے سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ عوام کی مدد کیلئے امدادی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں اور سلسلے میں گزشتہ روز سکھر اور حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے حق پرست عوام نے اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم کے ریلیف بیس کیمپوں پر دل کھول کر بھاری مقدار میں نقد عطیات، اشیاء خوردونوش آٹا، چاول، دالیں، گھی، شکر، نمک، مصالحہ جات، خشک دودھ اور ادویات کے علاوہ روزمرہ استعمال کی دیگر امدادی اشیاء سمیت ملبوسات، برتن، صابن وغیرہ جمع کروائے۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے سکھر میں صوبائی وزیر جام سیف اللہ داریجو سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ریلیف کے کاموں کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر آبپاشی نے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور انہیں حکومتی سطح پر ہونے والے اقدامات سے بھی مکمل آگاہ کیا۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے صوبائی وزیر شیخ محمد افضل، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین، ایم کیوایم سکھر زونل کمیٹی کے انچارج واراکین کے ہمراہ سکھر بندر روڈ پکا بند کا دورہ کیا اور بند سے رسنے والے پانی کے بارے میں وہاں کام میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنان سے معلومات حاصل کی۔ حیدرآباد ریلیف بیس کیمپ سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست نمائندوں اور حیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج واراکین نے منگل کے روز حیدرآباد کے مختلف بندوں کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی جانب سے ریلیف کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران اور ہزاروں کارکنان لطیف آباد نمبر 4، 7، 10 اور حسین آباد کے بندوں پر پشتوں کی مضبوطی کیلئے اپنی مدد آپ کے تحت امدادی کاموں میں مصروف رہے جنہیں رابطہ کمیٹی کے ارکان و دیگر ذمہ داران نے شاباش دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

## حق پرست ارکان پارلیمنٹرین کا رمضان المبارک میں پبلک سیکریٹریٹ عزیز آباد کے اوقات کار

کراچی۔۔۔10 اگست، 2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اعلامیہ کے مطابق یکم رمضان المبارک سے نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں واقع پبلک سیکریٹریٹ کا دفتر دوپہر 3 بجے سے شام 5 تک کھلے گا۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام اپنے مسائل کے حل کیلئے حق پرست عوامی نمائندوں سے ملاقات کیلئے دوپہر 3 بجے سے شام 5 بجے تک خورشید بیگم میموریل ہال میں تشریف لاسکتے ہیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے اورنگی، کٹی پہاڑی اور قصبہ علیگڑھ کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔10، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز حق پرست وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت کے بعد لینڈ وڈرگ مافیا کے دہشت گردوں کی جانب سے کراچی میں امن وامان کی صورتحال کے حالیہ واقعات سے متاثرہ اورنگی ٹاؤن، کٹی پہاڑی اور قصبہ علیگڑھ کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور عوام سے ملاقات کرکے انہیں یقین دہانی کرائی کہ ایم کیوایم عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ اس موقع پر حق پرست ارکان سندھ اسمبلی منظر امام، مظاہر امیر، ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران اور اورنگی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان کے علاوہ بڑی تعداد میں ایم کیوایم کے کارکنان بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے اورنگی کے عوام کو بتایا کہ قائد تحریک الطاف حسین ہر پل اورنگی، قصبہ علیگڑھ اور کٹی پہاڑی سمیت متاثرہ علاقوں کے عوام کے حالات سے باخبر رہنے کیلئے ایم کیوایم کے نمائندوں اور ذمہ داران سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ قائد تحریک الطاف حسین نے آج مجھے اورنگی، کٹی پہاڑی اور قصبہ علیگڑھ کے عوام درمیان بھیجا ہے تاکہ ان کی جانب سے عوام کے دکھ بانٹ سکوں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم متاثرین کی آواز حکومت تک پہنچائے گی تاکہ عوام کے جانی ومالی نقصانات کے ازالہ ہوسکے۔ انہوں نے عوام کی ہمت کی تعریف کی اور کہا کہ جس طریقے سے اورنگی ٹاؤن، کٹی پہاڑی اور قصبہ علیگڑھ کے عوام نے لینڈ وڈرگ مافیا کے سامنے ڈٹے رہے وہ قابل تعریف ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے اورنگی ٹاؤن کی خواتین خصوصاً ماؤں اور بہنوں کی دادرسی کی اور ان کی گزارشات کو سنا اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## ترکی کے قونصل جنرل FETHI ETAM کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔10، اگست 2010ء

ترکی کے قونصل جنرل FETHI ETAM نے منگل کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل اور سید شعیب احمد بخاری سے ملاقات کی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید کی شہادت پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔اس سے قبل ترکی قونصل جنرل خورشید بیگم میموریل ہال پہنچے تو رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ان کا خیر مقدم کیا اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے انہیں خوش آمدید کیا۔ملاقات نصف گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں پاکستان اور ترکی کے درمیان برادرانہ تعلقات قائم کرنے پر زور دیا گیا۔قونصل جنرل نے ملک خصوصاً سندھ میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے حق پرست منتخب عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کی عملی خدمات کو سراہا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بتایا کہ ایم کیوایم شروع دن سے دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کرتی چلی آرہی ہے۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے بارشوں اور سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بڑے پیمانے پر امدادی کام کر رہی ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی کے علاوہ نصیر آباد، سکھر، حیدرآباد سمیت دیگر شہروں میں ریلیف کے کام جاری ہیں جہاں باقاعدہ بیس کیمپ بنادیئے گئے ہیں اور جہاں ایم کیوایم کے منتخب نمائندے، صوبائی و ضلعی ذمہ داران اور ہزاروں کارکنان ہمہ وقت ربطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ موجود ہیں اور عوام کی مدد کررہے ہیں۔ترکی کے قونصل جنرل جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں تعمیر کی جانے والی یادگار شہدائے حق بھی گئے اور انہوں نے ایم کیوایم کے تمام شہداء کو خراج عقیدت و خراج تحسین پیش کیا اور تعزیتی کتاب میں اپنے تاثرات تحریر کیے۔

## مسلم لیگ فنکشنل (پیرپگاڑا) گروپ کے رہنما جام مدد علی کی خورشید بیگم میموریل ہال میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔10، اگست 2010ء

سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور مسلم لیگ فنکشنل (پیرپگاڑا) گروپ کے رہنماء جام مدد علی اور رکن سندھ اسمبلی عبدالرزاق رحیمو کے ہمراہ گزشتہ روز خورشید بیگم میمورل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی ڈاکٹر کنوینر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور واسع جلیل سے ملاقات کی اور شہر کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ قیام امن اور بہتری کیلئے مل جل کر کام کرنے پر مکمل اتفاق کا اظہار کیا۔وفد نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور اپنی جماعت کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے رضا حیدر شہید سمیت تمام شہداء کی مغفرت اور ان کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔ ملاقات کے دوران انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مثبت بنیادوں پر اقدامات بروئے کار لائیں جائیں۔

## ڈاکٹر فاروق ستار کی قمرالزمان قائرہ سے ٹیلی فون پر گفتگو

کراچی۔۔۔10، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز حق پرست وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے نجی ٹی وی چینلز کی جبراً بندش اور بعض شرپسند عناصر کی جانب سے ایک مخصوص اخبار کی کاپیاں جلانے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آزاد صحافت کے منافی قرار دیا ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات قمرالزمان قائرہ سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے انہیں نجی ٹی وی چینلز کی بندش اور اخبار کی کاپیاں نظر آتش کرنے کے واقعات پر اپنی تشویش سے آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ چینلز کو فی الفور بحال کیا جائے اور اخبار کی کاپیاں نذر آتش کرنے کا نوٹس لیا جائے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے قمرالزمان قائرہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ جمہوریت پسند جماعت ہے جو آزادی صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پرنٹ و الیکٹرونکس میڈیا پر پابندی نہ آزادی صحافت پر قدغن کے لگانے کے مترادف ہے بلکہ یہ عمل جمہوریت پسند جماعتوں اور عوام کیلئے بھی لمحہ فکر یہ ہے جس سے ملک میں جمہوری عمل کو نقصان پہنچا ہے۔انہوں نے بعض شرپسند عناصر کی جانب سے کیبل آپریٹرز اور اخباری ہاکرز کو تشدد کا نشانہ بنا کر ہراساں کرنے اور اخباری کاپیاں نذر آتش کرنے کی مذمت کرتے ہوئے اسے آزادی صحافت اور جمہوری عمل کے منافی قرار دیا اور مطالبہ کیا کہ ان واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے اور تمام نجی ٹی وی چینلز فی الفور بحال کیے جائیں۔اس موقع پر قمرالزمان قائرہ نے ڈاکٹر فاروق ستار کو نجی ٹی وی چینلز کی بحالی کی یقین دہانی کرائی کہا کہ وہ معاملے کی مکمل غیر جانبدار تحقیقات کرائیں گے۔

☆☆☆☆☆